جائے گا۔ تقریب میں افغانستان کے مجاہدین کی فتح و کامرانی کے لئے بھی خاص طور سے دعائیں مانگی گئیں۔ دارالعلوم میں حسب سابق اسباق پوری گرما گرمی سے شروع ہو چکے ہیں تمام شعبے سرگرم کار ہیں طلبہ کی تعداد حسب سابق روز افزوں ہے صرف دورہ حدیث کی تعداد ایک سو تک پہنچ چکی ہے جبکہ ابھی آمد جاری ہے۔

مولانا مودودی کی تعزیت

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب کی وفات پر دارالعلوم حقانیہ کی طرف سے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے جماعت کے عمائدین کو تعزیتی ٹیلیگرام بھیجے۔ نیز جناب مدیر الحق نے بھی تعزیتی تار دیئے۔ ۲۳ ستمبر کو رائے ونڈ سے واپسی پر مولانا سمیع الحق صاحب بوقت عصر منصورہ لاہور تعزیت کے لئے گئے اس موقعہ پر جناب چوہدری رحمت الٰہی صاحب وغیرہ حضرات سے تعزیت اور پورے دارالعلوم کی طرف سے اظہار افسوس کیا۔

متفرقات

۲۰ شوال — دارالعلوم کے مختلف احاطوں مطبخ، دارالمدرسین وغیرہ میں سوئی گیس لائن بچھانے کا کام مکمل ہوگیا۔ اس منصوبہ پر پچیس ہزار روپے سے زائد اخراجات کا اندازہ ہے۔

یکم ذی قعدہ — دارالعلوم میں اساتذہ کے مکانات کی کمی کے پیش نظر مہمان خانہ کے عقب میں اساتذہ کے لئے دو مکانات تعمیر کرنے کا کام شروع ہوگیا۔ ہر دو مکانات پر تقریباً ایک لاکھ روپے لاگت کا تخمینہ ہے۔

۱۷ شوال — مولانا سمیع الحق صاحب میرے بھائی فاروق جاوید فاروقی مقیم جدہ کی تقریب شادی میں شمولیت کے لئے کراچی تشریف لے گئے۔ اور دو ایک دن بعد واپس ہوئے۔

۳ ذی قعدہ — جناب مولانا خالد نعمانی جو سعودی عرب کی طرف سے کینیا میں اسلامی خدمات انجام دے رہے ہیں دارالعلوم تشریف لائے۔ جناب مدیر الحق کے ساتھ قیام فرمایا اور دارالعلوم دیکھ کر محظوظ ہوئے۔

۷ ذی قعدہ — مولانا سمیع الحق صاحب نے رائے ونڈ کے سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی دارالعلوم کے کئی ایک اساتذہ اور طلبہ بھی اجتماع میں شریک ہوئے۔

۹ ذی قعدہ — مولانا سمیع الحق نے تنظیم مساجد پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ شریعت سیمینار اسلام آباد میں وزارت قانون کی دعوت پر شرکت کی یہ کانفرنس اسلام آباد کے ہال میں منعقد ہوا اور عالمی اسلامی اسکالروں نے اس میں تبادلہ خیال کیا اور مقالات پڑھے۔ اس دوران آپ نے صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کی طرف سے منعقد ہونے والے عشائیے میں بھی شرکت کی اور سیمینار میں شریک علماء و فضلاء سے ملاقاتیں بھی ہوتی رہیں۔

۲۳ ذی قعدہ — صوبائی وزیر تعلیم جناب سید ابوالہاشم خان صاحب اور ڈائریکٹر تعلیمات سرحد جناب کفایت اللہ صاحب دارالعلوم تشریف لائے۔ دارالعلوم میں جناب مدیر صاحب کے ساتھ تبادلہ خیالات کیا۔ آپ نے مہمانوں کو دارالعلوم کے شعبہ تعلیم القرآن کا معائنہ بھی کرایا۔